عصرِ عاشور تھا شبّیر تھے تنہائی تھی

عصرِ عاشور تھا شبّیر تھے تنہائی تھی
ماھے زھراء پہ گھٹا ظُلم کي جب چھائي تھي
شِہ کو جب نوک سِنان سوئے زمیں لائي تھي
گِرتے گِرتے لبِ زخمي سے صداء آئي تھي
گرم ریتي پہ میں گِرتا ھون سمبھالو اَمّان

لُٹ گیا ھون میں کِسي کي بھي مجھے آس نھیں
قتل سب ھوگئے اب کوئي میرے پاس نھیں
میرا قاسم نھیں اکبر نھیں عبّاس نھیں
تم مجھے آکے کلیجے سے لگالو امّان

لاش قاسم کي اُٹھائي ھے جگر زخمي ھیں
زخم اکبر کا جو دیکھا ھے نظر زخمي ھیں
قلب زخمي ھے بدن زخمي ھے سر زخمي ھیں
دے سھارا مجھے بابا کو بُلا لو امّان

میں جو گھوڑے سے گِروں تم مجھے تسکیں دینا
پیار کرنا میري همّت کو دعائیں دینا
ڈال کر باهیں گلے میں مجھے لپٹا لینا
هاں دمِ ذبح مگر هاتھ هٹالو امّاں

اپنے وعدے کے لیئے مینے هر اِیذا سهه لي
ایك اَرماں میرا نِکلے تو عِنایت هوگي
ذبح کے وقت یهي تم سے تمنّا هے میري
سر میرا خاك سے زانو پہ اُٹھالو امّاں

*****